PAKISTAN CRICKET BOARD
MEDIA RELEASE

کوچنگ کی 90 آسامیوں پر تقرری کا عمل شروع

لاہور، 15 اپریل 2021ء:

پاکستان کرکٹ بورڈ نے سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کے ہیڈ کوچز کے لیے 90 آسامیوں پر تقرری کے عمل کا آغاز کردیا ہے۔

پی سی بی نے وعدہ کیا تھا کہ ڈومیسٹک اسٹرکچر کی تنظیم نو سے سابق کھلاڑیوں کے لیے روزگار کے نئے مواقع پیدا ہوں گے اور یہ اسی کی ایک مثال ہے۔

ہر کوچ اپنی سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کی سینئر اور انڈر 19 کرکٹ ٹیموں کا ذمہ دار ہوگا۔

بین الاقوامی اور فرسٹ کلاس کرکٹرز کو ان کوچنگ رولز میں ترجیح دی جائے گی، اس دوران پی سی بی لیول ٹو کوالیفائیڈ کوچز کی بھی حوصلہ افزائی کی جائے گی۔

سٹی کرکٹ ایسوسی ایشن کی سطح پر مدت ملازمت کے تحت کامیاب کوچز سے بھی ایک سالہ معاہدہ کیا جائے گا۔ خواہشمند امیدوار https://www.pcb.com.pk/coaches درخواست جمع کرواسکتے ہیں۔

ندیم خان، ڈائریکٹر ہائی پرفارمنس پی سی بی:

شعبہ ہائی پرفارمنس کے ڈائریکٹر ندیم خان کا کہنا ہے کہ پاکستان کرکٹ بورڈ متعدد مرتبہ یہ واضح کرچکا ہے کہ ہم سابق کرکٹرز کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنے کے لیے کوشاں ہے تاکہ وہ اپنے قیمتی علم کے ذریعے کھیل کی ترقی میں تعمیری اور مثبت کردار ادا کرسکیں گے۔

انہوں نے کہا کہ ایک مربوط نظام کے تحت کوچنگ رولز پر تقرریوں سے نچلی سطح پر کرکٹ کو مزید تقویت ملے گی، پی سی بی اور چھ کرکٹ ایسوسی ایشنز سیزن 21-2022 کے آغاز سے قبل شہروں کی سطح پر کرکٹ کا آغاز کرنا چاہتے ہیں۔

ندیم خان نے مزید کہا کہ فی الحال کرکٹ ایسوسی ایشنز کے کوچز سٹی کرکٹ ایسوسی ایشنز کی انڈر 19 اور سینئر ٹیموں کے لیے ٹرائلز کا انعقاد کررہے ہیں تاکہ بہترین اور باصلاحیت کھلاڑیوں کا انتخاب کیا جاسکے۔

ان آسامیوں پر درخواست جمع کروانے کی آخری تاریخ 30 اپریل بروز جمعہ مقرر کی گئی ہے۔ خواہشمند امیدوار اپنی درخواست بنام سینئر جنرل منیجر ایچ آر اینڈ ایڈمنسٹریشن پاکستان کرکٹ بورڈ مقررہ تاریخ کی شام 5 بجے تک قذافی اسٹیڈیم لاہور بھجوا سکتے ہیں۔ درخواست کے ہمراہ پاسپورٹ سائز میں اپنی ایک تصویر بھی جمع کروانا لازمی ہوگا۔

– ENDS –

Media contact:

Ibrahim Badees Muhammad
Editor – Urdu Content
Media and Communications